## 3711 - ماں نےبچےکےمتعلق ڈرتےہوئےروزے ترک کردئے

### سوال

ایک عورت نےرمضان میں بچہ جناليکن رمضان کےبعداس نےدودھ پیتےبچےکےڈرسے روزوں کی قضاءنہیں دی وہ پھردوبارہ حاملہ ہوئی اوراگلےرمضان میں بچہ پیدا کیااس کےلئے یہ جائز ہےکہ وہ روزوں کےبدلے پیسےتقسیم کردے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس عورت پرواجب ہےکہ وہ روزے ہی رکھےاگرچہ دوسرے رمضان کےبعدہی، کیونکہ اس نےپہلی اوردوسری قضاءکوعذرکےسبب چھوڑاہے۔مجھےاس کاعلم نہیں کہ آیااس پر سردی کےموسم میں ایک دن چھوڑ کرروزہ رکھنےمیں بھی مشقت ہےاوراگروہ دودھ پلاتی ہے تواللہ تعالی اسےروزے رکھنےکی قوت بخشےگا کہ وہ دوسرے رمضان تک قضاءکرے اوراگرنہ دے سکےتو پھراس پرکوئی حرج نہیں کہ وہ اسےدوسرے رمضان تک موخرکردے۔

واللہ اعلم .